# ۳۔ مہارت پر مبنی سرگرمیاں

## ۳ء۱ راکھی

ذیل میں راکھی کے چند نمونے دِکھائے گئے ہیں۔ اپنی پسند کی راکھی بنائیے۔















**میری سرگرمی :** چمک دار، رنگین ریشم کے پھندے بنا کر ان سے راکھی بنائیے۔



♦ راکھی کے مختلف نمونے دِکھائیں۔ دھیان رکھیں کہ تمام طلبہ ایک جیسی راکھی نہ بنائیں۔


## ۳ء۲ آسمانی قندیل

**درکار وسائل :** رنگین کارڈ شیٹ، پتنگ بنانے کا کاغذ، دھاگا، قینچی، گوند، ناپ پٹی وغیرہ۔

**سرگرمی/عمل کی ترتیب :**

(۱) کارڈ شیٹ کے ۷ × ۷ سینٹی میٹر کے چار چوکون ٹکڑے کاٹ لیجیے۔

(۲) تصویر کے مطابق سرگرمی انجام دیجیے۔آسمانی قندیل تیار ہوجانے کے بعد اپنی پسند سے اس کی سجاوٹ کیجیے۔




**میری سرگرمی :** آسمانی قندیل کی تصویر بنائیے۔

♦ آسمانی قندیل کے مختلف نمونے طلبہ کو دِکھائیں۔

## ۳ء۳ کاغذی لفافہ

**درکار وسائل :** A4 سائز کا کاغذ، قینچی، گوند وغیرہ۔

**استعمال :** ڈاک کے ذریعے راکھی، مبارکبادی/تہنیتی کارڈ وغیرہ بھیجنے کے لیے۔



♦ طلبہ کو مختلف قسم کے لفافے دِکھائیں۔